آخری نبی ﷺ کی پیاری سیرت

پہلا باب

1	آخری نبی ﷺ کی پیاری سیرت نامی کتاب میں موجود درود پاک کی فضیلت تحریر کریں۔	2	انسان کی پیدائش کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
3	انسان سے اپنا بنیادی مقصد کیوں اوجھل ہو جاتا ہے؟	4	انسان کو اپنا مقصد یاد دلانے کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا گیا؟
5	سب سے آخری نبی کون ہیں؟	6	آخری نبی ﷺ کی آمد سے پہلے لوگوں کے حالات کیا تھے؟
7	نبی کریم ﷺ کی ولادت باسعادت کے بعد کفر کی تاریکیوں کو مٹانے والے کون کون سے واقعات رونما ہوئے تھے؟	8	آپ ﷺ کی ولادت سے کون کون (مسرور) خوش ہوا؟
		9	آپ ﷺ عرب کے کون سے خاندان وشاخ سے تعلق رکھتے تھے؟
10	سب سے اعلی خاندان کس کا ہے؟	11	نبی کریم ﷺ نے اپنے خاندان کے اعلی ہونے کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟
12	مشہور قول کے مطابق آپ واقعہ اصحاب فیل کے کتنے دن بعد کب پیدا ہوئے؟ مہینہ، تاریخ، دن، وقت سب کچھ بیان کریں۔	13	نبی کریم ﷺ کی عیسوی تاریخ پیدائش، ماہ اور سال لکھیں۔
		14	نبی کریم ﷺ کا والد ماجد کی طرف سے نسب شریف لکھیں۔
15	نبی کریم ﷺ کا والدہ ماجدہ کی طرف سے نسب شریف لکھیں۔	16	نبی کریم ﷺ کے والدین کے نام لکھیں۔
17	نبی کریم ﷺ کے والد کی کل عمر کتنی تھی؟	18	نبی کریم ﷺ کے والد صاحب کا وصال کب ہوا؟
19	نبی کریم ﷺ کی ابتداء میں کس نے پرورش کی؟	20	نسب وشرف میں قریش کی تمام خواتین میں افضل خاتون کون تھیں؟

دوسرا باب

1	بچوں کے حوالے سے مکہ کے معزز لوگوں کا کیا رواج تھا؟	2	مکہ کے معزز لوگ اپنے بچوں کو صحراء میں کیوں بھیجا کرتے تھے؟
3	نبی کریم ﷺ کو بچپن میں فصاحت وبلاغت کے لئے کون سی خاتون کے سپرد کیا گیا؟	4	حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا کا تعلق کون سے قبیلے کی کونسی شاخ سے تھا؟
5	کونسا قبیلہ عربیت اور فصاحت میں اپنا جواب نہیں رکھتا تھا؟	7	حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا نے کتنے عرصے تک نبی کریم ﷺ کو دودھ پلانے کی سعادت حاصل کی؟
6	نبی کریم ﷺ کو دو سال تک دودھ پلانے کی سعادت کون سی خاتون کے حصے میں آئی؟		
8	بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالی عنہا کے علاوہ اور کتنی خواتین ہیں جنہوں نے نبی کریم ﷺ کو دودھ پلانے کی سعادت حاصل کی؟	9	جن خواتین نے نبی کریم ﷺ کو دودھ پلانے کی سعادت حاصل کی انہیں اس کا فائدہ حاصل ہوا؟
10	نبی کریم ﷺ کو حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا کے دودھ پلانے کا کیا فائدہ حاصل ہوا؟	11	نبی کریم ﷺ کے رضاعی والد کا نام لکھیں۔
12	حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا کے شوہر کا نام لکھیں۔	14	نبی کریم ﷺ کے ان رضاعی بہن بھائی کے نام لکھیں جو حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا کے بچے تھے؟
13	شیما کے نام سے کون مشہور ہوئیں؟		
15	نبی کریم ﷺ کی کون سی رضاعی بہن آپ ﷺ کو گود میں کھلاتی اور لوریاں دیتی تھیں؟	16	نبی کریم ﷺ کی بڑی رضاعی بہن کا نام لکھیں۔
17	نبی کریم ﷺ کی بڑی رضاعی بہن جدامہ بنت حارث رضی اللہ تعالی عنہا آپ ﷺ کے ساتھ بچپن میں کس طرح آپ کا خیال رکھا کرتی تھیں؟	18	حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا جب نبی کریم ﷺ کو لینے کے لئے آپ ﷺ کے مکان عالیشان پر پہنچنے کے بعد کونسے معاملات (برکات) ملاحظہ کیں؟
19	حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا جب نبی کریم ﷺ کو دودھ پلانے بیٹھیں تو نبوت کی برکتیں کیسے ظاہر ہوئیں؟	20	نبی کریم ﷺ کے اپنی رضاعی والدہ کا دودھ پینے سے عدل وانصاف کا اشارہ کیسے معلوم ہوتا ہے؟
21	نبی کریم ﷺ کی آمد کے بعد حضرت حلیمہ سعدیہ اور ان کے شوہر حضرت حارث رضی اللہ تعالی عنہما نے جب خوب سیر ہو کر دودھ پیا اور رات بھر میٹھی نیند سو کر بیدار ہوئے ان دونوں نے آپس میں ایک دوسرے کو کیا کہا؟	22	حضرت حلیمہ رضی اللہ تعالی عنہا نبی کریم ﷺ کی آمد کے بعد اپنے خچر کے متعلق کیا فرماتی ہیں؟
		23	نبی کریم ﷺ کتنی عمر میں گھٹنوں کے بل چلنے لگے؟
24	نبی کریم ﷺ کے وجود کی برکت سے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا کو دنیاوی اعتبار سے کیا فائدہ حاصل ہوا؟	25	نبی کریم کے دودھ پینے کی عمر کے متعلق حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالی عنہا کیا فرماتی ہیں؟
26	نبی کریم ﷺ کتنی عمر میں اٹھ کر کھڑے ہونے لگے؟	27	نبی کریم ﷺ کتنی عمر میں دیوار ساتھ ہاتھ رکھ کر چلنے لگے؟
28	نبی کریم ﷺ کتنی عمر میں چلنے کی پوری قوت حاصل کر چکے تھے؟	29	کتنی عمر میں نبی کریم ﷺ فصیح باتیں کرنا شروع فرمادی؟

30	کتنی عمر میں نبی کریم ﷺ اس طرح کا کلام فرماتے کہ لوگوں اچھی طرح سمجھ جائیں؟	31	نبی کریم ﷺ نے اپنی عمر کے ابتدائی حصے میں کونسا کلام فرمایا؟
32	جھولا جھولتے وقت نبی کریم ﷺ کس سے باتیں فرمایا کرتے تھے؟	33	نبی کریم ﷺ کی انگلی کے اشارے سے چاند پر کیا اثر ہوتا تھا؟
34	بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وجودِ نبی ﷺ کی کون کون سی برکتیں بیان فرمائی ہیں؟	36	بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس سات بکریاں تھیں، نبی کریم ﷺ کے کون سے عمل سے ان بکریوں کی تعداد 700 ہوگئی؟
35	بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا گھر ساری رات روشن کونسے چراغ سے ہوتا تھا؟		
37	قبیلے والوں نے بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے وجودِ مصطفیٰ ﷺ کی برکتوں سے حصہ مانگا، تو ان کو کس طرح حصہ دیا گیا؟	38	نبی کریم ﷺ کے جنگل جانے پر بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے آپ ﷺ کے متعلق کیا بیان کرتے ہیں؟
39	نبی کریم ﷺ اپنی دودھ کی مدت پوری کرنے کے بعد بھی بنو سعد میں کیوں رہے؟	40	نبی کریم ﷺ کو لڑکے کھیلنے کے لیے بولتے تو آپ ﷺ کیا ارشاد فرماتے؟
41	نبی کریم ﷺ قبیلہ بنو سعد میں کتنا عرصہ رہے؟	42	نبی کریم ﷺ نے بچپن میں کونسی خصلتِ نبوت کا اظہار فرمایا؟
43	بی بی حلیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی کریم ﷺ کو آپ کی والدہ کے سپرد کب کیا؟ اور کیوں؟	44	نبی کریم ﷺ کا پہلا شق صدر کہاں ہوا؟

تیسراباب

1	نبی کریم ﷺ جب بچپن میں اپنی والدہ کے ساتھ مدینہ شریف جارہے تھے تو اس سفر میں کون کون آپ کے ساتھ تھے؟	2	نبی کریم ﷺ کو ان کی والدہ ماجدہ کتنی عمر میں مدینہ شریف لے کر گئیں؟
		3	بی بی ام ایمن کون تھیں؟
4	آپ ﷺ کی والدہ کا انتقال کہاں ہوا؟	5	بی بی آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تدفین کہاں ہوئی؟
6	بی بی آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ ﷺ کو مدینہ شریف کیوں لے لیکر جارہی تھیں؟	7	آپ ﷺ کی والدہ کے انتقال کے بعد آپ کی پرورش کس نے کی؟
8	آپ ﷺ کی والدہ کے انتقال پر آپ کو کس نے تسلی دی؟	9	آپ ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟
10	آپ ﷺ کے دادا عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے ساتھ کس طرح پیش آتے تھے؟	11	حضرت عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقام و مرتبہ کیا تھا؟
12	آپ ﷺ کی عمر مبارک دادا کے انتقال کے وقت کتنی تھی؟	13	دادا کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟
14	آپ ﷺ جب اپنے چچا ابو طالب کی کفالت میں آئے تو ان کے گھر میں ہونے والی خیر و برکت کے بارے میں آپ ﷺ کے چچا کیا ارشاد فرماتے ہیں؟	15	نبی کریم ﷺ کے بچپن کے بارے میں ان کے چچا ابو طالب کا کیا کہنا تھا؟
		16	نبی کریم ﷺ نے 10 سال کی عمر میں کہاں کا سفر کیا اور کس کے ساتھ کیا؟
17	اگر نبی کریم ﷺ سے پہلے آپ کے چچا ابو طالب کے بیٹوں میں سے کوئی بیٹا کھالیتا/پی لیتا تو کھانے پینے کے برتن میں کیا ہوتا تھا؟	18	نبی کریم ﷺ نے یمن کا سفر کتنے سال کی عمر میں فرمایا؟
		19	نبی کریم ﷺ کے یمن کے سفر میں کونسا عجیب واقعہ رونما ہوا؟
20	آپ ﷺ کے چچا اپنے بچوں کو کھانا دینے سے پہلے نبی کریم ﷺ کو کیوں دیتے ہیں؟	21	نبی کریم ﷺ نے شام کا تجارتی سفر کب کیا؟
22	راہب بحیرا کا اصل نام کیا تھا؟	23	نبی کریم ﷺ کی ملاقات راہب بحیرا سے کہاں ہوئی؟
24	جب نبی کریم ﷺ شام کے تجارتی سفر میں شہر بُصری پہنچے تو کس سے ملاقات ہوئی؟	25	نبی کریم ﷺ کی ملاقات برجیس سے کہاں ہوئی؟
26	نبی کریم ﷺ کی شام کے تجارتی سفر کے وقت کتنی عمر تھی؟	27	نبی کریم ﷺ کی ملاقات برجیس سے ہوئی تو برجیس نے کیا کہا؟
28	برجیس نے نبی کریم ﷺ کے متعلق آپ ﷺ کے چچا سے کیا کہا؟	29	نبی کریم ﷺ نے شام کا تجارتی سفر پورا کیوں نہیں کیا؟
30	نبی کریم ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لئے کتنے تجارتی سفر، کتنے عوض میں کئے؟	31	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یمن کی کونسی جگہ نبی کریم ﷺ کو بھیجا تھا؟
32	حلف الفضول کو" حلف الفضول" کیوں کہتے ہیں؟	33	حلف الفضول کا مکمل واقعہ لکھیں؟
34	حلف الفضول کے معاہدہ کی وجہ کیا بنی؟	35	حلف الفضول کے معاہدہ میں کون کون سی باتیں طے ہوئیں تھی؟
36	حلف الفضول کے معاہدہ کی رائے کس نے پیش کی؟	37	حلف الفضول کے معاہدہ کے متعلق نبی کریم ﷺ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟
38	شہر زبیدہ کے شخص کو عاص بن وائل نے جب سامان کی قیمت ادا نہ کی تو اس شخص کا ردعمل کیا تھا؟	39	حلف الفضول کا سبب بننے والے شخص نے کون سے پہاڑ پر چڑھ کر فریاد کی؟
40	مکہ کی فضاؤں میں نبی کریم ﷺ کے کون کون سے لقب گونجتے تھے؟	41	حلف الفضول معاہدے کے لیے سرداران قریش کس کے گھر پر جمع ہوئے؟

چوتھا باب

1	نبی کریم ﷺ کی صداقت و دیانت کے ہر طرف چرچے کب ہونے لگے؟	2	تجارت کے لئے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کو کیسے شخص کی ضرورت تھی؟
3	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کے سامان سفر کو ملک کے شام لے جایا جارہا تھا تو بصری کے مقام پر کس سے ملاقات ہوئی؟	4	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے ملک شام سامان تجارت لے جانے کی حضور ﷺ کو کیا پیشکش کی؟
5	نسطورا نے میسرہ سے نبی کریم ﷺ سے متعلق کیا سوالات کیے اور میسرہ نے کیا جوابات دیئے؟	6	نبی کریم ﷺ کی نسطورا راہب سے ملاقات کہاں ہوئی؟
7	نسطورہ کے سوالات اور میسرہ کے جوابات کے بعد نسطورا نے کیا کہا؟	9	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کا سامان تجارت ملک شام لے جاتے وقت نبی کریم ﷺ کے ساتھ اور کون تھا؟
8	نسطورا نے حضرت میسرہ کو نبی کریم ﷺ کے متعلق کیا نصیحت کی؟		
10	نبی کریم ﷺ جب ملک شام سے مکہ واپس تشریف لائے تو حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے کون سا منظر ملاحظہ کیا؟	11	حضرت میسرہ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہ کو نبی کریم ﷺ کے ملک شام کے سفر کے بارے میں کیا بتایا؟
12	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہ کا سلسلہ نسب کتنے واسطوں سے حضور اکرم ﷺ سے جاملتا ہے؟	13	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کا تعلق کونسے قبیلے کی کون سی شاخ سے تھا؟
14	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے دو شادیاں کرنے کے بعد نکاح نہ کرنے کا ارادہ کیا لیکن اس کے باوجود نبی کریم ﷺ سے نکاح کرنے کی وجہ کیا تھی؟	15	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نکاح کرنے سے پہلے کتنے نکاح کیے ہوئے تھے؟
16	نبی کریم ﷺ کے نکاح کا خطبہ کس نے پڑھایا؟	17	مکہ والے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کو کون سے لقب سے یاد کیا کرتے تھے؟
18	نبی کریم ﷺ کے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کے ساتھ کیے جانے والے نکاح میں کتنا مہر مقرر ہوا اور وہ مہر کس نے ادا کیا؟	19	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے نبی کریم ﷺ سے نکاح کرنے کے لئے کس سے بات چیت کی؟
20	شام کے تجارتی سفر کے کتنے عرصے بعد نبی کریم ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کے ساتھ ہوا؟	21	حضرت صفیہ رضی اللہ تعالی عنہا کا نبی کریم ﷺ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا سے کیا رشتہ تھا؟
22	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نبی کریم ﷺ کے نکاح میں کتنے عرصے تک رہیں؟	24	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ رشتے کو پسند کرنے کی وجہ کیا بیان فرمائی؟
23	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کے نکاح میں ہوتے ہوئے آپ ﷺ نے کتنے نکاح اور فرمائے؟		
25	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا نے حضور ﷺ کے ساتھ نکاح کے بعد اپنے تمام مال کا کیا کیا؟	26	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا سے نبی کریم ﷺ کی کونسی اولاد نہیں ہوئی؟
27	نبی کریم ﷺ کی کتنی عمر تھی جب حرم کعبہ میں سیلابی پانی آیا؟	28	جب نبی کریم ﷺ کی عمر 35 سال تھی حرم کعبہ میں کیا معاملہ پیش آیا؟
29	حرم کعبہ میں سیلابی پانی آنے کے بعد نبی کریم ﷺ نے قریش کے ساتھ مل کر کیا کیا؟	30	حرم کعبہ میں سیلابی پانی آنے کے بعد قریش مکہ نے کیا طے کیا؟
31	حرم کعبہ میں سیلابی کے بعد حجر اسود کے معاملے میں اختلاف کو دور کرنے کے لئے بوڑھے شخص نے کیا تجویز پیش کی۔	32	حرم کعبہ میں سیلابی پانی کے بعد تعمیر کعبہ کے کونسے معاملے میں قبیلوں کا سخت اختلاف ہوا؟
33	حرم کعبہ میں سیلابی پانی کے بعد حجر اسود کو لگانے کے معاملے میں جو بوڑھے نے تجویز پیش کی تھی کہ جو شخص حرم مکہ میں سب سے پہلے داخل ہو گا وہ فیصلہ کرے گا تو حرم مکہ میں سب سے پہلی کون داخل ہوا؟	34	حرم کعبہ میں سیلابی پانی کے بعد حجر اسود کو نصب کرنے کے متعلق نبی کریم ﷺ نے کیا فیصلہ فرمایا؟
35	حرم کعبہ میں سیلابی پانی کے بعد حجر اسود کو نصب کرنے میں جو اختلاف ہوا اس اختلاف کو ختم کرنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا گیا؟	36	نبی کریم ﷺ کے اعلان نبوت سے پہلے کی تمام زندگی بہترین اخلاق وعادات کا مجموعہ تھی آپ کی عادات واخلاق پر تفصیلاً نوٹ لکھیں۔
37	زمانہ جاہلیت میں کون کون سی بری عادتیں عام تھی؟	38	مکہ کے لوگوں کے دلوں میں نبی کریم ﷺ کی خاص عزت کس وجہ سے تھی؟
39	خانہ کعبہ میں کتنے بُت رکھے ہوئے تھے؟	40	نبی کریم ﷺ کی اعلان نبوت سے پہلے کی گزاری ہوئی زندگی کا کمال کیا تھا؟
41	نبی کریم ﷺ اعلان نبوت سے پہلے کی کمال والی زندگی کا اعلان نبوت کا وقت کیا اثر ہوا؟		

پانچواں باب

نمبر	سوال	نمبر	سوال
1	جب نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال ہوئی تو آپ کی ذات اقدس میں کون سا انقلاب پیدا ہوا؟	2	غار حرا میں نبی کریم ﷺ کے قیام وطعام پر مختصر نوٹ لکھیں؟
3	نبی کریم ﷺ پر وحی کی ابتدا کیسے ہوئی؟	4	نبی کریم ﷺ پر پہلی وحی کب اور کہاں اتری؟
5	تمام فرشتوں کے سردار کون ہیں؟	6	سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات کے نزول کا پس منظر بیان کریں؟
7	سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات مع ترجمہ لکھیں؟	8	نبی کریم ﷺ نے حق کا علَم کونسی آیات کے نزول کے بعد بلند کیا؟
9	تبلیغ اسلام کا پہلا مرحلہ کیا تھا؟	10	عورتوں میں سب سے پہلے کون اسلام لائیں؟
11	آزاد مردوں میں سب سے پہلے کون اسلام لائے؟	12	لڑکوں میں سب سے پہلے کون اسلام لائے؟
13	آزاد کردہ غلاموں میں سب سے پہلے کون اسلام لائے؟	14	غلاموں میں سب سے پہلے کون ایمان لائے؟
15	تبلیغ اسلام کا پہلا مرحلہ کتنے عرصے رہا؟	16	نبی کریم ﷺ دار ارقم میں کب رہے اور کس مقصد کے لئے رہے؟
17	تبلیغ اسلام کا دوسرا مرحلہ کیا تھا؟	18	تبلیغ اسلام کے دوسرے مرحلے کے لیے کونسی آیت نازل ہوئی؟
19	تبلیغ اسلام کے دوسرے میں نبی کریم ﷺ نے قریش کو جمع کرکے کیا فرمایا؟ اور قریش نے کیا جواب دیا؟	21	نبی کریم ﷺ نے تبلیغ اسلام کے دوسرے مرحلے میں کونسی ایسی بات کہی تھی جس کو سن قریش، ابو لہب سمیت سب لوگ ناراض ہوگئے؟
20	تبلیغ اسلام کے دوسرے مرحلے میں نوٹ تحریر کریں؟		
22	تبلیغ اسلام کا تیسرا مرحلہ کیا تھا؟	23	تبلیغ اسلام کے تیسرے مرحلے میں کونسی آیت نازل ہوئی؟
24	اعلان نبوت کے چوتھے سال کونسی آیت نازل ہوئی؟	25	تبلیغ اسلام کے تیسرے مرحلے میں عرب کا ردعمل کیا تھا؟

چھٹا باب

نمبر	سوال	نمبر	سوال
1	اسلام کی علی الاعلان تبلیغ شروع کرنے پر لوگوں کا نبی کریم ﷺ کے ساتھ رویہ کیسا تھا؟	3	کفار مکہ نے نبی کریم ﷺ کو شہید کیوں نہیں کیا؟ حالانکہ آپ نے اسلام علی الاعلان تبلیغ شروع کردی تھی۔
2	کفار مکہ نے نبی کریم ﷺ کو معاذاللہ کس کس انداز سے تکلیفیں پہنچائی؟		
4	نبی کریم ﷺ کے ساتھ عقبہ نامی کافر نے حرم کعبہ میں کیا معاملہ کیا؟	6	جب عقبہ نامی کافر نے نبی کریم ﷺ کی مبارک پیٹھ پر بچہ دان رکھا تو کفار مکہ نے اس عمل پر اپنا انداز کیا رکھا؟
5	عقبہ نامی کافر نے جو بچہ دان نبی کریم ﷺ کی پیٹھ مبارک پر رکھا تو کس نے بچہ دان کو آپ سے دور کیا؟		
7	عقبہ نامی کافر نے جب نبی کریم ﷺ کے مبارک گلے میں پھندا ڈال کر کھینچا تو اس مصیبت کے وقت میں کون آپ کے ساتھ تھا؟	8	عقبہ نامی کافر نے نبی کریم ﷺ کو کون کون تکلیف پہنچائی تھی؟
		9	نبی کریم ﷺ کے مبارک گلے میں چادر کا پھندا کس بدبخت نے ڈال کر کھینچا تھا؟
10	کافروں کے صحابہ کرام پر ظلم وزیادتی پر نوٹ لکھیں؟	11	اسلام کی تبلیغ کی وجہ سے کافروں نے صدیق اکبر کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
12	حضرت بلال رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ کفار نے ایمان لانے کی وجہ سے کیا سلوک کیا؟	13	حضرت خباب کے ایمان لانے کی بنا پر کفار نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
14	حضرت بلال رضی اللہ تعالی عنہ کی زبان پر کفار کی ظلم وزیادتی کے باوجود کیا جاری رہتا تھا؟	15	کیا اسلام کی خاطر خواتین پر ظلم وزیادتی کی گئی ہے اگر کی گئی ہے ان خاتون کا نام لکھیں؟
16	اسلام کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والی خاتون کو شہید کس بدبخت نے کیا اور کیسے کیا؟	17	سب سے پہلے اسلام کی خاطر جان قربان کرنے والی خاتون کون تھیں؟
18	نبی کریم ﷺ کے صحابہ نے کفار کے ظلم وزیادتی کے بڑھ جانے پر کہا ہجرت کی؟	20	جب کفار مکہ نے مسلمان صحابہ پر ظلم کرنے سے باز نہ آے تو نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کو کس کی اجازت دی؟
19	حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟ اور جس وقت صحابہ کرام نے ہجرت کی اس وقت اس کا مذہب کیا تھا؟		
21	حبشہ کے بادشاہ نجاشی کی خوبیاں کیا تھیں؟	22	حبشہ کی طرف کتنے مرد وعورت نے ہجرت کی؟
23	ہجرت اولی کسے کہتے ہیں؟	24	ہجرت اولی کب ہوئی؟
25	حبشہ کی طرف ہجرت کب ہوئی؟	26	حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والوں کی تعداد آخر میں کتنی ہوگئی تھی؟
27	حبشہ کی طرف ہجرت کرنے پر قریش نے کیا ردِ عمل کیا؟ اور اس کا نتیجہ کیا نکلا؟		

ساتواں باب

1	کفار قریش کا مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر کیا حال ہوا؟ اور انہوں نے اس کا اظہار کس طرح کیا؟	2	کفار مکہ کو اپنے وحشیانہ ظلم وستم سے کیا خوش فہمی تھی؟
3	مسلمانوں کی بڑھتی تعداد کو دیکھ کر کفار قریش کے کیئے جانے والے معاہدے کو کس نے تحریر کیا اور اس تحریر کو کس طرح محفوظ کیا گیا؟	4	مسلمانوں کی بڑھتی تعداد کو دیکھ کر کفار قریش نے آپس میں مل کر کیا معاہدہ کیا؟
		5	شعب ابی طالب کسے کہتے ہیں؟
6	شعب ابی طالب میں کون محصور ہوئے؟	7	بنو ہاشم کتنے سال تک شعب ابی طالب میں محصور رہے؟
8	شعب ابی طالب کے محاصرے میں بنو ہاشم نے کون کون سی مشقتیں برداشت کی؟	9	شعب ابی طالب کے محاصرے کے وقت نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالی نے کیا خبر دی؟
10	نبی کریم ﷺ کو یہ خبر دی کے معاہدے کو دیمک چاٹ چکی ہے اور اس نے اللہ کے نام کے سوا کچھ نہیں چھوڑا تو آپ ﷺ نے یہ خبر کس کو دیں اور جس کو اس نے کیا کہا؟	11	شعب ابی طالب کا محاصرہ کیسے ختم ہوا؟
		12	عام الحزن کا کیا مطلب ہے؟
13	ابو طالب نے شعیب ابی طالب کا محاصرہ ختم کرنے کے لئے کفار کو کیا پیش کش کی تھی؟	14	ابو طالب کا انتقال کب ہوا؟
15	ہجرت سے پہلے مکہ میں کتنی اور کون کون ہستیاں نبی کریم ﷺ کے بہت قریب تھیں؟	16	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کا انتقال کب ہوا؟
17	حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہ اور ابو طالب کے انتقال میں کتنے دن کا فرق تھا؟		

آٹھواں باب

1	نبی کریم ﷺ کو خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہ اور ابو طالب کے انتقال کرنے پر رنج وغم کیوں ہوا؟	2	نبی کریم ﷺ نے طائف کے سفر کا ارادہ کیوں فرمایا؟
3	حضرت خدیجہ اور ابو طالب کے انتقال کے بعد کفار کا رویہ نبی کریم ﷺ کی ساتھ کیسا تھا؟	4	آپ ﷺ نے طائف کا سفر کیسے طے فرمایا؟
5	طائف طائف میں پہنچ کر نبی کریم ﷺ کے کتنے اور کون کون سے لوگوں کو اسلام کی دعوت دی اور اس دعوت کا ان لوگوں کی طرف سے کیا رد عمل تھا؟	6	طائف کے سفر میں نبی کریم ﷺ کے ہمراہ کون تھے؟
		7	طائف کے بد معاش لوگوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
8	نبی کریم ﷺ نے طائف میں بد معاشوں کے ستانے کے بعد جس باغ میں پناہ لی وہ باغ کس چیز کا تھا؟ اور اس باغ کا مالک کون تھا؟	9	جب طائف کے بد معاش لوگوں نے نبی کریم ﷺ کو تکلیفیں پہنچائیں تو زید بن حارث نے اپنا کیا کردار پیش کیا؟
10	نبی کریم ﷺ کو طائف میں تکلیف میں پہنچائی گئ تو آخر میں آپ نے کہاں پناہ لی؟	12	طائف میں نبی کریم ﷺ جس کافر کے باغ میں زخمی حالت میں آئے تو اس کافر کا آپ کے ساتھ کیا رویہ تھا؟
11	عتبہ بن ربیعہ نے نبی کریم ﷺ کو طائف میں انگور کس کے ہاتھ بھیجے تھے؟		
13	حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کے سوال پر نبی کریم ﷺ نے سب سے سخت دن کونسے دن کو ارشاد فرمایا جو اُحد کے دن سے بھی زیادہ سخت تھا؟	14	عتبہ بن ربیعہ کے غلام کا نام اور اس کب مذہب کیا تھا؟
		15	عتبہ بن ربیعہ کا غلام عداس نے نبی کریم ﷺ کی باتیں سنیں تو اس پر کیا اثر ہوا؟
16	نبی کریم ﷺ نے طائف کے دن کو سب سے زیادہ سخت دن کیوں کہا؟	18	نبی کریم ﷺ قرن الثعالب کس حالت میں پہنچے؟ اور قرن الثعالب نے آپ نے کونسی عجیب شی ملاحظہ فرمائی؟
17	پہاڑوں کے فرشتے نے نبی علیہ السلام کی طائف میں تکلیفیں دیکھ کر آپ سے کیا عرض کی؟		
19	پہاڑ کے فرشتوں نے طائف میں جب پہاڑوں کو کفار پر الٹنے کی اجازت مانگی تو نبی کریم ﷺ نے کیا جواب عطا فرمایا؟	20	پہاڑوں کے فرشتوں نے طائف میں دی گی نبی کریم ﷺ کو پر کونسے پہاڑوں کو کفار پر الیٹنے کی اجازت مانگی؟
21	سفر طائف سے واپسی پر نبی کریم ﷺ نے کہاں قیام فرمایا؟	22	سفر طائف سے واپسی پر مقام نخلہ پر کونسا واقعہ رونما ہوا؟
23	قرآن پاک کی سورۃ جن کی ابتدائی آیت میں کونسا واقعہ ذکر کیا گیا ہے؟	24	مقام نخلہ پر کون سے جنوں کی جماعت ایمان لائی
25	مدینے کا پہلے نام کیا تھا؟	26	مکہ شریف سے مدینہ کونسی جانب ہے؟
27	اعلان نبوت کے 11 ویں سال حج کے موقعوں پر آنے والے قبیلوں کو دعوت اسلام دینے کے لیے نبی کریم ﷺ کہاں تشریف لے کر گئے؟	28	اوس وخزرج کے ساتھ رہنے والے یہودیوں سے بت پرست لوگوں نے کیا سن رکھا تھا؟
		29	اعلان نبوت کے گیارہویں سال نبی کریم ﷺ منیٰ کیوں تشریف لے کر گئے؟
30	منیٰ کی گھاٹی میں اعلان نبوت کے گیارہویں سال قبیلہ خزرج کے کتنے لوگ حاضر ہو کر ایمان لائے نیز نبی کریم ﷺ نے ان سے کیا گفتگو فرمائی؟	31	مسجد العقبہ کہاں ہے؟ اور یہاں اعلان نبوت کے گیارہویں سال کیا واقعہ پیش آیا؟
		32	بیعت عقبہ اولی سے کیا مراد ہیں؟

33	جمرۃ العقبہ کسے کہتے ہیں؟	34	بیعت عقبہ اولی کہاں اور کب ہوئی؟ اور بیعت کرنے والے افراد کتنے تھے؟
35	بیعت عقبہ اولی کرنے والوں کو دین اسلام سکھانے کے لئے نبی کریم ﷺ نے کس کو بھیجا؟	36	بیعت عقبہ اولی کرنے والوں نے نبی کریم ﷺ سے کیا درخواست کی؟
37	قبیلہ اوس کے سردار کن کی دعوت پر اسلام لائے؟	38	قبیلہ اوس کے سردار اعلان نبوت کے بارہویں سال کون تھے؟
39	سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ کے اسلام لانے سے کیا انقلاب پیدا ہوا؟	40	سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ کس کی دعوت پر ایمان لائے؟
41	اعلان نبوت کے تیرہویں سال کے بعد نبی کریم ﷺ نے مدینہ شریف کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت عام کیوں دی؟	42	بیعت عقبہ ثانیہ کب اور کہاں ہوئی اور اس میں بیعت کرنے والے افراد کی تعداد کتنی تھی؟
		43	مدینہ کی طرف سب سے پہلے ہجرت کس نے کی؟
44	مدینہ شریف میں ہجرت نہ کرنے والے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم کو کون سا عذر تھا؟	46	جب کفار کو مسلمانوں کی مدینہ شریف کی طرف ہجرت کا پتہ چلا تو کفار کا ردِ عمل کیا تھا اور اس ردِ عمل پر مسلمانوں نے ہجرت کے معاملے میں کیا کیا؟
45	کئی صحابہ کرام کے مدینہ شریف ہجرت کرنے کے باوجود نبی کریم ﷺ نے ہجرت کیوں نہ کی؟		
47	کفار قریش کے سرداروں کا" دارالندوہ" میں مشورہ کرنے کی وجوہات کیا تھیں؟	48	نبی کریم ﷺ کے ساتھ اور کون کون سے صحابی نے ہجرت نہیں کی تھی؟
49	مسلمانوں کے روز بروز بڑھنے اور مسلمانوں کے مدینہ ہجرت کرنے سے کفاروں نے کیا عمل کیا؟	50	دارالندوہ میں ہونے والے مشورے میں کس کی رائے کو فوقیت دی گئی اور وہ رائے کیا تھی؟
51	دارالندوہ میں کفار قریش کے سرداروں کے اجلاس میں ابو جہل نے کیا تجویز پیش کی؟	53	دارالندوہ میں کفار نے معاذ اللہ جل جلالہ آپ کو شہید کرنے پر اتفاق کیا اور وقت بھی طے ہو گیا؟ اس کے باوجود نبی کریم ﷺ صحیح سلامت کیسے رہے؟
52	دارالندوہ میں کئے جانے والے مشورے اور اس تجویز کی خبر نبی کریم ﷺ کو کس نے کی؟		
54	دارالندوہ کے مشورے کے بعد جبرئیل امین نے نبی کریم ﷺ کو کیا مشورہ دیا؟	55	نبی کریم ﷺ نے مدینہ کی طرف ہجرت کب کی؟
56	جب نبی کریم ﷺ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرمارہے تھے تو آپ کے گھر مبارک کے باہر کفار کا پہرہ تھا تو آپ کس طرح انکے سامنے سے گزر گئے؟	57	دارالندوہ کے مشورے کے بعد نبی کریم ﷺ نے جب ہجرت کی تو آپ نے لوگوں کی امانتیں سپرد کرنے کے لئے اپنے بشر کس کو عطا فرمایا؟
58	نبی کریم ﷺ جب مدینہ کی طرف ہجرت کے لیے تشریف لے کر گئے تو کون سے غار میں کتنے دن رات کس کے ساتھ قیام فرمایا؟	59	نبی کریم ﷺ کے پاس کفار اپنی امانتیں کیوں رکھواتے تھے حالانکہ وہ تو آپ کو دشمن سمجھتے تھے؟

نواں باب

1	زمانہ نبوی میں مکہ سے مدینے کا فاصلہ کتنے دن کا تھا؟	2	جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لارہے تھے تو اہل مدینہ کی کیفیت کیا تھی؟
3	کون سے خوش نصیب قبیلے کو سب سے پہلے نبی کریم ﷺ کی مدینہ میں مہمان نوازی کا شرف ملا؟	4	مدینہ شریف سے مسجد قبا سے کتنے فاصلے پر ہے؟
5	مسجد قبا نبی کریم ﷺ کب تشریف لائے؟	6	قبیلہ عمرو بن عوف کی خوش بختی کیا تھی؟
7	جو صحابہ کرام نبی کریم ﷺ سے پہلے ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے انہوں نے کہاں قیام فرمایا؟	8	قبیلہ عمرو بن عوف کے کون سے شخص کے گھر میں نبی کریم ﷺ نے قیام فرمایا؟
9	نبی کریم ﷺ نے قبا شریف میں سب سے پہلا کا فرمایا؟	10	قبا شریف میں مسجد قبا کی زمین کے مالک کون تھے؟
11	نبی کریم ﷺ نے پہلا جمعہ کہاں ادا فرمایا؟	13	آپ ﷺ قبا شریف میں کتنے وقت تشریف فرما رہے؟
13	نبی کریم ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو وہاں کے انصاری صحابہ نے آپ ﷺ سے کیا عرض کیا اور آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟	14	جب نبی کریم ﷺ مدینہ شریف تشریف لائے تو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے لئے کیا خدمات پیش کی؟
15	مسجد قبا میں نماز پڑھنے کا ثواب کتنا ہے؟	16	اذان کی ابتداء کہاں ہوئی؟
17	کون سے صحابی نے خواب میں اذان کے الفاظ سنے؟	18	بلال حبشی رضی اللہ تعالی عنہ کو اذان کے الفاظ کس نے سکھائے؟
19	مدینہ شریف میں مسجد نبوی کی جگہ کس کی تھی اور کس نے اس کو خریدا؟	21	مدینہ شریف میں مسجد کی تعمیر کا سلسلہ کس طرح شروع ہوا اور اس میں نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام کی عملی جدوجہد کیا تھی؟
20	مسجد نبوی کی زمین کی قیمت کون سے صحابی کے مال سے ادا کی گئی؟		
22	جب نبی کریم ﷺ نے رشتہ اُخوت قائم فرمایا تو انصار کا مہاجرین کے ساتھ کیا سلوک تھا؟	23	نبی کریم ﷺ نے انصار و مہاجرین کو بھائی بھائی کیوں بنادیا؟
24	جب نبی کریم ﷺ نے رشتہ اُخوت قائم فرمایا تو اس وقت مہاجرین کی تعداد کتنی تھی؟	25	رشتہ اُخوت کے وقت مہاجرین کی مالی حالت و کیفیت کیا تھی؟
26	نبی کریم ﷺ نے مکہ میں کس طرف منہ کر کے نماز ادا فرمائی؟	27	مدینہ شریف میں آپ ﷺ کا قبلہ کیا تھا؟
28	بیعت المقدس کی طرف آپ ﷺ کے کتنے عرصے تک نماز ادا فرمائی؟	29	قبلہ کے حوالے سے نبی کریم ﷺ کی دلی خواہش کیا تھی؟

30	نبی کریم ﷺ قبلے کی تبدیلی کے وقت کونسی نماز کونسے قبیلے میں ادا فرمار ہے تھے ؟	31	قبلے کی تبدیلی کے لیئے کونسی آیت نازل ہوئی ترجمے کے ساتھ نازل ہوئی ؟
32	مسجد قبلتین کونسی ہے ؟ اور اس کو قبلتین کیوں کہتے ہیں ؟	33	مسجد قبلتین کا شہر مدینے سے کتنے فاصلے پر ہے ؟
34	تحویل قبلہ کسے کہتے ہیں ؟	35	تحویل قبلہ والا واقعہ بیان کریں ؟
36	کیا مسلمانوں کے مدینہ ہجرت کرنے سے کفار نے صرف دھمکیاں ہی دی تھیں یا کچھ اور بھی کیا ؟	37	مسلمانوں کے مدینہ ہجرت کرنے سے کفار مکہ نے کون کونسی سازشیں کیں ؟
38	اللہ تبارک وتعالی نے مسلمانوں کو جنگ کی یہ اجازت کب دی کہ جب دشمن کی طرف سے جنگ کی ابتداء ہو تو تم بھی جنگ کر سکتے ہو ؟	39	جب اللہ تعالی کی طرف سے دفاعی جنگ کی اجازت ملی تو آقا کریم ﷺ نے کون کون سی باتوں کی طرف توجہ فرمائی ؟
40	کفار کو مدینہ شریف پر حملہ کرنے سے روکنے کے لئے نبی کریم ﷺ نے کون کون سے اقدامات فرمائے ؟	41	تحویل قبلہ سے کن کو تکلیف ہوئی ؟
42	غزوہ کسے کہتے ہیں ؟	43	سریہ کسے کہتے ہیں ؟
44	غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہیں ؟	45	امام بخاری کی روایت کے مطابق غزوات کی تعداد کتنی ہے ؟
46	سرایا کی تعداد کتنی ہے ؟	47	کتنے غزوں میں جنگ ہوئی ؟
48	مسلمانوں کی پہلی سب سے بڑی جنگ کب ہوئی ؟	49	غزوہ بدر کو غزوہ بدر کیوں کہتے ہیں ؟
50	غزوہ بدر کیوں پیش آیا ؟	51	غزوہ بدر پیش آنے کے تمام اسباب بیان کریں۔
52	غزوہ بدر میں مسلمانوں کی فوج کی تعداد کتنی تھی ؟	53	غزوہ بدر کے لئے نبی کریم ﷺ کب روانہ ہوئے ؟
54	غزوہ بدر میں مہاجرین کی تعداد کتنی تھی ؟	55	ابوسفیان نے غزوہ بدر کے لیے کیا انتظام کیا ؟
56	غزوہ بدر کے لیے جب ابوسفیان نے کفار قریش کو پیغام پہنچایا تو کفارِ قریش نے کیا کیا ؟	57	غزوہ بدر میں کفار کی تعداد کتنی تھی ؟
58	کفار کی فوج کی خوراک کا انتظام کیا تھا ؟	59	غزوہ بدر میں کفار کا سپہ سالار کون تھا ؟
60	جنگ بدر کے متعلق جو نبی کریم ﷺ نے غیب کی خبر ارشاد فرمائی، اس کی تفصیل بیان کریں ؟	62	غزوہ بدر میں جنگی اعتبار سے کفار کے پاس محفوظ جگہ تھی، اس کے باوجود غزوہ بدر کا نتیجہ مسلمانوں کے حق میں کیوں آیا ؟
61	غزوہ بدر کے میدان جنگ میں پہلے کون سا لشکر پہنچا ؟		
63	غزوہ بدر کب واقع ہوا ؟ دن کونسا تھا ؟	64	ابوجہل کون سے معرکے میں مارا گیا ؟
65	ابوجہل کو کن خوش نصیبوں نے قتل کیا ؟	66	غزوہ بدر میں کون کون سے مشہور کفار مارے گئے ؟
67	غزوہ بدر میں کافروں کے بڑے بڑے سرداروں کے قتل ہونے کا اس جنگ پر کیا اثر پڑا ؟	68	کتنے کفار غزوہ بدر میں مارے گئے، اور کتنے قیدی بنے ؟
69	غزوہ بدر کی فتح سے مسلمانوں کو کیا فائدہ حاصل ہوا، اور کفار پر کیا اثر پڑا ؟	70	غزوہ بدر کی فتح کے بعد نبی کریم ﷺ نے کتنے دن تک بدر میں قیام فرمایا ؟
71	غزوہ بدر میں شہید ہونے والے 14 صحابہ کرام میں سے کتنے اور کون کون سے صحابہ کرام بدر میں مدفون نہیں ہوئے ؟	72	جنگ بدر میں شہید ہونے والے مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟ مہاجر اور انصار کی تعداد بھی بیان کریں ؟
73	حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ تعالی عنہ جو غزوہ بدر کے معرکے میں شہید ہوئے، ان کو بدر میں دفن کیوں نہیں کیا گیا ؟	74	میدان بدر میں کتنے صحابہ کرام آرام فرمار ہے ہیں ؟
		75	حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ تعالی عنہ کی تدفین کہاں ہوئی ؟
76	غزوہ بدر میں شہید ہونے والے صحابہ کرام علیہم الرضوان کی فضیلت و مرتبہ بیان کریں ؟	77	نبی کریم ﷺ نے غزوہ بدر کا مال غنیمت کہاں تقسیم فرمایا ؟
78	بدر کے قیدیوں کے ساتھ نبی کریم ﷺ نے کیسا سلوک کرنے کا صحابہ کرام کو حکم فرمایا ؟	79	بدر کے قیدیوں کے بارے میں مشاورت کے بعد کیا فیصلہ کیا گیا ؟
80	بدر کے قیدیوں کو رہا کرنے کے لئے چار ہزار درہم مقرر کیے گئے تو جو مفلسی کی وجہ سے نہیں دے سکتے تھے ان کے لیے کیا فیصلہ فرمایا گیا ؟	81	جنگ بدر سے جانے کے بعد کفار نے مسلمانوں سے بدلہ لینے کے لیے کون کون سے طریقے اختیار کیے ؟
82	غزوہ احد کا کفار کی طرف سے سپہ سالار کون تھا ؟	83	غزوہ احد کے لئے کفار کب اور کس طرح مکہ کے لیے نکلے تھے ؟
84	غزوہ احد کے لئے حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ نے مسلمانوں کے لیے کون سا بہترین عمل کیا ؟	85	غزوہ احد کے لئے کفار کے مکہ سے نکلنے کی خبر مسلمانوں کو کس نے دی تھی ؟
86	غزوہ احد کے لئے کفار کے نکلنے کی خبر کی تصدیق کے بعد نبی کریم ﷺ نے جن صحابہ کرام سے مشاورت فرمائی تو صحابہ کرام کے مشورے میں کون کون سی تجویزیں دی گئی اور کس پر عمل کیا گیا ؟	87	غزوہ احد کی خبر جب حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ کے ذریعے سے مسلمانوں کو ملی، تو نبی کریم ﷺ نے کیا کیا ؟

88	غزوہ احد کیلئے مسلمانوں کے لشکر کی تعداد مدینہ سے نکلتے وقت کتنی تھی؟ کیا یہ تعداد آخر تک اتنی ہی رہی یا کم ہوگئی؟ اور اگر کم ہوگئی تو کتنی اور کس وجہ سے کم ہوئی؟	89	غزوہ احد کیلئے جاتے ہوئے مسلمانوں کے لشکر میں عبد اللہ بن ابی منافق کے کتنے آدمی تھے اور اس منافق نے کیا کیا؟
90	کیا غزوہ احد کے وقت حضرت عباس رضی اللہ تعالی عنہ ایمان قبول کر چکے تھے؟	91	غزوہ احد میں کونسے منافق کے 300 آدمی تھے؟
92	مشرکین نے غزوہ احد کیلئے احد پہاڑ کے قریب کب پڑاؤ ڈالا؟	93	مسلمانوں کا لشکر غزوہ احد کیلئے کب نکلا اور کب احد پہاڑ پر پہنچا؟
94	نبی کریم ﷺ نے غزوہ احد کی صف بندی کیسے فرمائی؟ اور خاص نصیحت کیا فرمائی؟	95	غزوہ احد کے معرکے میں ابتدائی جنگ کی کیفیت کیسی تھی؟
96	غزوہ احد میں مسلمانوں کی ایک غلطی کا فائدہ کفار کی طرف سے کس نے اٹھایا تھا؟	98	غزوہ احد میں مسلمانوں کی طرف سے وہ کونسی غلطی ہوئی تھی جس کی وجہ سے جنگ کا نقشہ تبدیل ہوگیا؟
97	غزوہ احد کا نقشہ مسلمانوں کی غلطی سے جو تبدیل ہوا اس سے کفار پر کیا اثر پڑا؟		
99	غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کو کونسی جسمانی تکلیف کس طرح پہنچی؟	100	غزوہ احد میں مسلمان شہداء کی تعداد کتنی تھی؟ کتنے مہاجر اور کتنے انصار؟
101	شہداء احد کو کہاں دفن کیا گیا؟	102	غزوہ احد میں کتنے کفار مارے گئے؟
103	ہجرت کے چوتھے سال کونسا دردناک واقعہ پیش آیا؟	105	مقام رجیع پر شہید ہونے والے صحابہ کرام کو لے جانے والا قبیلہ کونسا تھا؟ اور کس مقصد کیلئے کتنے صحابہ کرام کو لے کر جا رہا تھا؟
104	مقام رجیع میں کفار نے مسلمانوں کے ساتھ کیا کیا؟		
106	واقعہ بئر معونہ کی تفصیل لکھیں؟	107	غزوہ بنو نضیر کی تفصیل اور اسکے پیش آنے کا سبب بیان کرے؟
108	غزوہ بنو نضیر کا سبب کونسے صحابی بنے؟	109	قبیلہ بنو نضیر کے یہودیوں کی سازش کیا تھی؟
110	قبیلہ بنو نضیر کے یہودیوں کے قلعہ کا محاصرہ کتنے دن تک رہا اور محاصرہ کن شرائط پر ختم ہوا؟	111	غزوہ بنو مصطلق کی تفصیل لکھیں؟
112	نبی کریم ﷺ کی زوجیت میں کونسی ام المومنین غزوہ بنو مصطلق سے حاصل کی گئی؟	113	غزوہ بنو مصطلق میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟ اور کتنے کفار مارے گئے؟
114	ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ تعالی عنہا کا تعلق کہاں سے تھا؟ اور کس طرح نبی کریم ﷺ کے ساتھ منسلک ہوئیں؟	115	بنو نضیر کے یہودی کتنے اونٹوں پر اپنا سامان لے کر مدینے سے روانہ ہوئے اور کہاں جا کر آباد ہوئے؟
116	واقعہ افک سے کیا مراد ہے؟ یہ کب پیش آیا؟	117	واقعہ افک کے متعلق قرآن کریم کی کونسی سورت و آیات موجود ہیں؟
118	غزوہ خندق کب واقع ہوا؟	119	غزوہ خندق کے اسباب اور غزوہ خندق کا تفصیلی واقعہ تحریر کریں؟
120	غزوہ خندق کا دوسرا نام بتائیں؟	121	غزوہ احزاب کو احزاب کیوں کہا جاتا ہے؟
122	غزوہ احزاب میں دشمنوں کی تعداد کتنی تھی؟	123	غزوہ خندق میں خندق کس کے مشورے سے کھودی گئی تھی؟
124	حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ نے خندق کھودنے کا مشورہ کیوں دیا تھا؟	125	خندق کھودنے کی ابتدا کب ہوئی؟ اس خندق کی حد بندی کس نے کی؟
126	کتنے صحابہ کرام نے اس خندق کے کھودنے میں حصہ لیا؟	127	کتنے عرصے میں کتنی خندق کھودی گئی؟
128	خندق کی لمبائی، چوڑائی اور گہرائی کتنی تھی؟	129	غزوہ خندق میں کامیابی کا خاص سبب کیا تھا؟
130	غزوہ خندق میں کفار نے مدینے شریف کے محاصرہ کتنے عرصے تک کیا اور صحابہ کرام کی محاصرے کے وقت حالت کیا تھی؟	131	غروہ خندق میں خندق دیکھ کر کافروں کا کیا حال ہوا اور انہوں نے کیا کیا؟
		132	غزوہ خندق میں کفاروں کا سپہ سالار کون تھا؟
133	غزوہ خندق میں کفار نے مدینے کا محاصرہ کیوں ختم کیا؟	134	غزوہ خندق میں کتنے مسلمانوں نے جام شہادت نوش فرمایا؟
135	غزوہ خندق کے دوران مسلمانوں سے معاہدہ توڑنے والے کافروں کا ساتھ دینے والے کون تھے؟	136	غزوہ خندق کے دوران بنو قریظہ نے کونسا ناپسندیدہ عمل کیا؟
137	غزوہ بنی قریظہ کا سبب کیا تھا؟ کتنے دن مسلمانوں نے محاصرہ کیا؟ اور اس کا آخر میں نتیجہ کیا نکلا؟	138	بنو قریظہ کا فیصلہ کس نے کیا اور کیا فیصلہ کیا؟
139	بنو قریظہ کا فیصلہ سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ سے کیوں کروایا گیا؟	140	حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالی عنہ نے فیصلہ کون سے اصول کی روشنی میں کیا؟
141	نبی کریم ﷺ نے جب چھ 6 ہجری میں 1400 صحابہ کرام کے ساتھ عمرے کا احرام باندھا، تو آپ کو کیا اندیشہ تھا؟ اور آپ نے اس اندیشے سے بچنے کے لئے احتیاطی تدابیر کیا فرمائی؟	142	6 ہجری میں جب نبی کریم ﷺ نے عمرے کا احرام باندھا تو تو آپ ﷺ نے مکہ کے کفار کی حالت پر آگاہ ہونے کے لئے کونسے قبیلے کے شخص کو مکہ روانہ فرمایا؟
143	6 ہجری میں جب 1400 صحابہ کرام جنہوں نے عمرہ کا ارادہ کیا تھا، عسفان پہنچے تو ان کو کیا خبر ملی؟	145	6 ہجری میں قبیلہ خزاعہ کے جس فرد کو مکہ بھیجا گیا تھا اس نے نبی کریم ﷺ کو کیا خبر دی ؟اور وہ خبر کون سے مقام پر دی؟
144	ہجرت کے چھٹے سال کتنے صحابہ کرام نے عمرہ کا احرام باندھا؟		
146	نبی کریم ﷺ کو 6 ہجری میں کفار کے مسلمانوں پر حملہ کی تیاری کا علم ہوا تو آپ نے کیا احتیاط فرمائی؟	147	مقام حدیبیہ میں نبی کریم ﷺ نے قیام کیوں فرمایا؟

148	مقام حدیبیہ پر واقع ہونے والا نبی کریم ﷺ کا معجزہ بیان کریں؟	149	نبی کریم ﷺ نے مقام حدیبیہ پر کفار کو صلح کا پیغام کیوں بھیجا؟
150	حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدیبیہ سے، مکہ صلح کے لیے آئے تو کفار نے کیا کہا؟ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جواب کیا تھا؟	151	حدیبیہ کے میدان میں کونسی خبر مشہور ہوئی تھی؟ اور نبی کریم ﷺ نے خبر سن کر کیا ارشاد فرمایا تھا؟
152	مقام حدیبیہ پر صلح کے لئے نبی کریم ﷺ نے کس کو بھیجا؟	153	بیعت الرضوان سے کیا مراد ہے؟
154	صلح حدیبیہ کے لیے قریش نے کس کو شرائط طے کرنے کے لیے بھیجا تھا؟ اور وہ شرائط کیا تھیں؟	155	قرآن پاک نے "فتح مبین" کس کو فرمایا گیا؟
156	نبی کریم ﷺ نے حدیبیہ کے مقام پر صحابہ کرام علیہم الرضوان سے کیا بیعت فرمائی تھی؟	157	اس صلح سے مسلمانوں کو کیا فائدہ پہنچا؟

دسواں باب

1	صلح حدیبیہ کے بعد نبی کریم ﷺ جن دیگر سلطانوں کو دین اسلام کی دعوت کے لیے بھیجا، تو جن کو بھیجا ان کی تفصیل، جہاں بھیجا، اس کی تفصیل، جس کے پاس بھیجا اس کی تفصیل، اور ان بادشاہوں کا رویہ اور نتیجہ کی تفصیل بیان کریں؟	2	غزوہ خیبر اور اس کے اسباب سپرد قلم کریں۔
		3	خیبر کسے کہتے ہیں؟
		4	یہودیوں کا سب سے بڑا مرکز کیا تھا؟
5	غزوہ خیبر میں کتنے صحابہ کرام نے حصہ لیا؟	6	خیبر کا سب سے بڑا اور مضبوط قلعہ کون سا تھا؟
7	خیبر کا قلعہ کس نے فتح کیا؟	8	خیبر میں کتنے یہودی قتل ہوئے اور کتنے صحابہ کرام شہید ہوئے؟
9	خیبر کے فتح کے بعد یہودیوں کی درخواست کیا تھی؟	10	عمرۃ القضاء کی ادائیگی کی تفصیل لکھیں؟
11	غزوہ موتہ کے اسباب لکھیں؟	12	غزوہ موتہ کا پورا واقعہ تفصیل کے ساتھ لکھیں؟